کتاب نما

MUHAMMAD, The Prophet of Islam [محمدؐ، پیغمبر اسلام]' ڈاکٹر خالد علوی۔ ناشر: دعوہ اکیڈمی' انٹرنیشنل اسلامک یونی ورسٹی' اسلام آباد۔ بہ اشتراک: انسٹی ٹیوٹ آف اسلامک اسٹڈیز اینڈ دعوہ' برمنگھم۔ صفحات: ۳۳۶۔ قیمت: ۲۰۰ روپے' مجلد: ۲۵۰ روپے۔

ڈاکٹر خالد علوی کی شخصیت علمی حلقوں میں کسی تعارف کی محتاج نہیں۔ علومِ اسلامیہ کی تعلیم و تدریس اور تصنیف و تحقیق کے میدان میں اللہ تعالیٰ نے ان کو ایک اعلیٰ مقام عنایت فرمایا ہے۔ خاص طور پر سیرت و حدیث کے موضوعات پر ان کی متعدد تصانیف وقیع علمی سرمایہ ہیں۔ قبل ازیں سیرت نبویؐ کے موضوع پر ان کی ایک عمدہ اور منفرد کتاب انسان کامل بین الاقوامی شہرت حاصل کر چکی ہے۔ جس کے لیے' ڈاکٹر خالد علوی کے بقول' انھوں نے سید سلیمان ندویؒ کی خطبات مدراس سے تحریک حاصل کی تھی۔

زیرِنظر کتاب میں انسان کامل کی طرح خیر البشرؐ کے اوصافِ حمیدہ کو عنوان بنانے کے بجائے' روایتی انداز میں سیرت نبویؐ کو تاریخی طور پر بیان کیا گیا ہے۔ مصنف نے قبل از اسلام حالات سے لے کر نبویؐ مشن کی تکمیل کو نو ابواب میں تقسیم کر کے ترتیب زمانی کے ساتھ تحقیقی انداز میں مرتب کیا ہے۔ تبصرے اور حاشیہ آرائی کے بغیر واقعاتِ سیرت سادہ انداز میں بیان ہوئے ہیں۔ عربی عبارات کے اصل متن کے ساتھ ان کا آسان انگریزی ترجمہ دیا گیا ہے۔ تحقیقی تقاضوں کو ملحوظ رکھتے ہوئے فٹ نوٹ پاورقی حوالوں کے علاوہ آخر میں مصادر و مراجع کی فہرست اور اعلام و اصطلاحات کا اشاریہ بھی بنایا گیا ہے۔

مستند حوالوں سے مزین یہ محققانہ کاوش اگرچہ سیرت نبویؐ کا انگریزی زبان میں ایک سادہ بیان ہے' لیکن حیات طیبہؐ کے حوالے سے دورِ حاضر میں جدید ذہن کے شبہات کے ازالے